
بھائی جان آپ سب ہمیں معاف ۔۔۔۔کر دینا ہماری۔۔۔۔ وجہ سے بہت تکلیف ہوئی۔۔۔ آپ سب کو "شمع نے رک رک کر اپنے الفاظ مکمل کئے تھے اور ایک آخری ہچکی کی ساتھ ہی وہ سبکو چھوڑ کر جا چکی تھیں اسکی خوبصورت کھولی آنکھوں کو ایان نے بند کر دیا بادشاہ کے کاندھے جھک چکے تھے ملکہ اپنے حوش کھو بیٹھی تھیں

نہیں نہیں نہیں پیچھے ہٹو یہ ایسے کیسے جا سکتی ہے ؟؟؟؟شہزارے محمد دیوانہ وار سبکو پیچھے کرتے اسکے بے جان وجود کو اپنی باہوں میں بھرتے ہوئے پاگلوں کی طرح اسکو جھنجھوڑ رہے تھے اسکی آنکھوں سے اب بھی

NEW ERA MAGAZINE .COM
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

کوئی آنسو نہ نکلا تھا

اٹھو میں نے کہا اٹھو شمع ورنہ میں خود کو ختم کر لوں گا !!!!اسنے " چیختے ہوئے کہا سب لوگ گہرے صدمے سے یہ سب دیکھ رہے تھے جبکہ شہزادہ محمد چیخ چیخ کر بے حوش ہو چکا تھا

قزح کمرے میں آکر شدت سے اب شفان کا انتظار کر رہی تھی زہنی طور پر وہ یہ سب کچھ قبول کر چکی تھی اسکا ڈر اب تقریباً ختم ہو چکا تھا۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

قزح نے شفان کا بہت انتظار کیا مگر وہ نہ آیا اسنے اپنے سارے زیورات اتار گئے اور ایک نٹ کا ہلکا سا گاؤن پہن لیا تھا رات گزرتی جا رہی تھی مگر شفان کا کوئی اتا پتا نہیں تھا ملازمہ آکر کھانا دے گئی تھی اور قزح نے پیٹ بھر کہ کھانا کھا لیا تھا اب اسے یہاں بلکل بھی ڈر نہیں لگتا تھا بلکہ یہ دنیا اسے پسند آئی تھی اور سب سے بڑھ کر اسے شفان سے محبت تھی اسنے اپنی انگلی دیکھی جس میں وہ خوبصورت

بیش قیمتی انگوٹھی اپنے آب و تاب سے جھلملا رہی تھی قزح کے چہرے پر ایک مسکراہٹ آئی

"مسٹر شفان آپ بھلے مجھ سے کہتے ہیں کہ آپکو مجھ سے محبت نہیں ہے لیکن میں اپنے دل کا کیا کروں جو بری طرح آپ پر فدا ہو گیا ہو گیا ہے اگر آپ کو مجھ سے محبت نہ ہوتی تو آپ مجھے ان گنڈوں سے نہ بچاتے اگر مجھ سے محبت نہ ہوتی تو میرا دل کیسے دھڑکتا اپنے کبھی بھی مجھ سے بد سلوکی نہیں کی نہ ہی میرا استعمال کیا میں کیسے مان لوں آپکو مجھ سے محبت نہیں پھر مراد بھائی نے بھی کہا تھا کہ آپکو مجھ سے شدید محبت ہے تب ہی تو آپ آج آئے نہیں کہ کہیں کمزور نہ پڑھ جائیں اپنی محبت کے آگے مگر میں قزح شفان آپکو اتنا کمزور کر دوں گی کہ آپ کو میرا میرا ہونا ہوگا آپ میرا جنوں بن چکے ہیں آپکے بغیر جینا مشکل ہے شفان مجھے امید ہے بہت جلد آپ مجھے خود میں سمیٹ لے گے اور وہ دن بہت جلد آئے گا"

قزح ہر بات ہر حقیقت سے انجان بس اسکی محبت میں ڈوبی ہوئی تھی

اسے خود بھی پتا نہیں تھا کہ کب اسے شفان کا اتنا ایڈیکٹ ہو گیا تھا

دوسری طرف شفان اس جھیل کنارے گم سم سا بیٹھا ہوا تھا تب ہی مراد آیا وہاں

شفان یہاں کیوں بیٹھے ہو گھر چلو "مراد نے اسکے پاس بیٹھتے ہوئے " کہا

شفان سفید شلوار قمیض پہنے نیلی آنکھوں میں بلو کی اداسی لئے اس خوبصورت جھیل کا ایک اداس منظر لگا تھا اسے

مراد میں نے بہت بڑی غلطی کر دی جب وہ مجھے ملی تھی تب ہی " سے مار دینا چاہئے تھا تو مجھے آج اس سے محبت نہیں ہوتی میں آج اتنا بے بس نہیں ہوتا ، "وہ اداس سا بولا تو مراد مسکرا دیا

شفان جو کچھ ہوا تھا اس میں اس معصوم کا کیا قصور اسکی کیا غلطی " اسے تو معلوم بھی نہیں ہے کہ اسے کس بات کی سزا دے رہے ہو تم میری مانو سب بھول جاؤ جو ہوا کیوں کی قزح کو مار دینے سے کچھ نہیں

بدل جائے گا بلکہ خود کو ایک اور تکلیف دے گو میرے بھائی اپنی زندگی کو سمیٹ لو اسے مار کر تمہیں کچھ نہیں ملے گا الٹا تم خود بھی جی نہیں پاؤ گے ہاں محبت ہوتی تو الگ بات تھی اب تو وہ تمہارا عشق ہو چکی ہے تم غصہ کر کے جتنا مرضی چھپاؤ مجھے سب پتا ہے "مراد نے اسے کاندھے پر اپنے ہاتھ رکھے شفان نہ آنکھ سے ایک آنسو بہہ نکلا

کاششششششش میں سب بھول پاتا قزح کاش تم اسکی بیٹی نہ ہوتی کاش " تو تمہیں اتنا پیار کرتا کہ تم اتنی محبت سمیٹنے سے قاصر ہوجاتی یا کاش تمہیں اسی وقت مار دیتا تو تم میرے جسم کا ناسور نہیں بنتی کاش تمہارے وجود کی خوشبو مجھ میں نہ بسی ہوتی کاششششش "وہ آنکھیں بند کر کے دل ہی دل میں خود سے باتیں کر رہا تھا چاند اپنے آب و تاب کے ساتھ چمک رہا تھا مراد جا چکا تھا شفان کے پر پھیلے اور وہ اڑان بھر کے سیدھا کمرے کی کھڑکی سے اندر داخل ہوا جہاں وہ پری شب خوابی کا گاون پہنے محو خواب تھی شفان نے اسے نظر بھر کر دیکھا اور بستر پر

لیٹ گیا نیند آنکھوں سے کوسوں دور تھی اسے سکون کی طلب تھی
اچانک قزح نے اپنا رخ اسکی طرف کیا تو اسکے وجود کی آرائشیں شفان
کو بہکا رہی تھیں اسنے اپنی آنکھیں زور سے بند کر کے اپنی کروٹ بدلی
اور سونے کی کوشش کرنے لگا۔۔۔

رات میں کسی وقت قزح کے کاندھوں میں بے حد درد شروع ہوگیا تھا
وہ درد سے کراہ اٹھی تھی شفان جو ابھی سویا تھا اسکی درد بھری آواز
سن کر وہ ایک دم اٹھا جو اب زور زور سے رونے میں مصروف تھی
ساتھ اپنے کاندھوں کو بھی پکڑا ہوا تھا شفان نے اسے اپنے سینے میں
چھپا لیا لیکن ایک دم اسکا سر ایک طرف لڑھک گیا شفان نے اسے گود
میں لیٹا کر اسکا ماتھا چوم لیا

قزح اٹھو کیا ہوا تمہیں پلیز اٹھو "شفان نے بہت کوشش کی لیکن "
وہ درد کی شدت سے بے ہوش ہو چکی تھی اسنے اسے گود میں اٹھایا
کھڑکی کے پاس آیا اسکے خوبصورت نیلے پر نکلے اور وہ اڑ کر جھیل کے

پاس بنی ایک جھونپڑی میں آگیا

وہاں ایک ادھیڑ عمر کی عامل خوبصورت پری بیٹھی قرآن کریم کی تلاوت کر رہی تھی شفان کی آہٹ پر اسنے قرآن کریم کو چوم کر اسے رکھا اور شفان کی طرف مڑی

کیا ہوا میرے بچے کیسے آنا ہوا ؟ اسکی خوبصورت نورانی آنکھیں قزح " کی جانب اٹھیں شفان نے اسے بتایا کہ اسکے کاندھوں میں شدید درد ہوتا ہے تو وہ مسکرائی

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

میرے بچے کیا تم جانتے نہیں ہو کہ جب ایک تم جیسا انسان اور " ایک پری کا ملاپ ہوتا ہے تو انکا بچہ بھی ایک پری زاد پیدا ہوتا ہے یہ کوئی عام انسان نہیں ایک پری ہے لیکن اپنی طاقتوں سے انجان یہ درد اس لئے ہوتا ہے کیوں کہ اسکے پروں نے نکلنا ہے اور وہ ایسے نہیں نکلے گے اسکے لئے ایسے اس جھیل کا پانی پلانا ہوگا تب اسے اس درد سے چھٹکارا ملے گا ورنہ یہ درد اسکی جان بھی لے سکتا ہے "اس پری نے جیسے ہی قزح کو دیکھو اسے ساری بات سمجھ آگئ

تو اماں میں جھیل کا پانی لے آتا ہوں "شفا۔ کی بات پر اسکے چہرے "
پر ایک سکون بھری مسکراہٹ آئی

یہ جھیل ایک چھلاوا ہے اس جھیل میں کئی راز چھپے ہیں شفان ان "
رازوں سے پردہ اٹھانے کے لیے میں نے اپنی ساری زندگی لگا دی اس
جھیل کے پاس رہتے ہوئے لیکن کچھ رازوں سے ہی پردہ اٹھا سکی اس
جھیل میں جاؤ اس جھیل میں ایک اور جھیل ہے جو اصل ہے جیسے
کوئی نہیں جانتا صرف میرے علاوہ اور اسے لانا آسان نہیں ہے اسکی
رکھوالی پر موجود ہے ایک محافظ نہیں معلوم کون ہے وہ نہیں معلوم یہ
جھیل ایک چھلاوا کیوں ہے بس اتنا پتا ہے وہ پانی اسکی جان بچا سکتا ہے
" لے آؤ وہ پانی اور یہ بچ جائے گی ورنہ یہ درد اسے کھا جائے گا

اس نے کہا تو شفان جانے لگا

روکو بچے یہ رکھو اپنے پاس اس سے وہ تمھیں نقصان نہیں پہنچا سکے "
گا "اسنے اسے ایک تعویذ پہنایا شفان نے ایک نظر قزح کی بند
آنکھوں پر ڈالی اور چلا گیا

www.neweramagazine.com

جھیل میں کود کر وہ تیرنے لگا گہرائی میں جا کر اسے کنارہ نظر آنے "
لگا تھا جھیل کا وہ ایک انتہائی خوبصورت جھیل تھی شفان تو اسے دیکھتا
رہ گیا لیکن اسے اس جھیل کے پاس کھڑا محافظ نظر آیا تو وہ جلدی سے
چھپ گیا

میں اس سے لڑوں کیوں اسے بتا دیتا ہوں شاید وہ خود ہی مجھے پانی "
دے دے "شفان کہتا اسکے پاس آیا وہ محافظ سر جھکائے کھڑا تھا

اے جھیل کے محافظ میری بیوی کی جان خطرے میں ہے مجھے تھوڑا "
سا پانی کی لے دو اور میں چلا جاؤں گا "شفان نے کہا لیکن اسکا سر
ویسے کا ویسا تھا نہ ہی وہ ہلا گویا کوئی پتلا ہو شفان نے جیسے کی اپنے
قدم آگے بڑھائے اس محافظ نے شفان کی گردن سے پکڑ کر دور پھینکا
یہ سب اتنا اچانک ہوا کہ شفان کو سنبھلنے کا موقع نہ مل سکا شفان کا
سر ایک بڑے پتھر پر جا کر لگا

یہ جھیل ایک راز ہے اور تم اسکا پانی لینے آئے ہو چپ چاپ یہاں "
سے چلے جاؤ ورنہ مروگے "اس محافظ کی بھیانک آواز گونجی شفان کی

آنکھوں کا رنگ بدلا اسکے ہونٹ نیلے رنگ کے ہوگئے تھے

کیا فائدہ اس جھیل کا جب اس سے کیسی کا بھلا نہ ہو سکے مجھے پانی " دے دو ورنہ اچھا نہیں ہوگا "شفان نے غصے سے کہا

شہزادے ایان اور شہزادی حیات کے اکلوتے بیٹے شہزادہ شفان میں یہ " نہیں کر سکتا یہ میرے اصولوں کے خلاف ہے آپ زبردستی کریں گے تو مجھے مجبوراً آپکو مارنا پڑے گا "اس محافظ کی آواز نے جھیل میں گویا ہل چل مچا دی تھی اسکا چہرا ابھی تک شفان دیکھ نہیں پائے تھا

مروگے تو تم اس لئے کہہ رہا ہوں شرافت سے مجھے پانی لینے دو بے " موت مارے جاؤ گے "شفان نے برہمی سے کہا

شہزادے شفان ٹھیک ہے اگر آپ نے یہ راستہ تہہ کر لیا تو آپ " پانی کے جا سکتے ہیں "اس محافظ کے ہاتھوں نے ایک راستہ بنایا جو پانی تک جاتا تھا جو کہ عام دکھ رہا تھا شفان نے جیسے ہی قدم آگے بڑھائے

سوچ لیجئے شہزادے آپکو نقصان بھی ہو سکتا ہے "اس محافظ نے "

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

خبردار کیا تو شفان کی آنکھوں کے آگے قزح کا مسکراتا ہوا چہرہ آیا اسنے فوراً آگے قدم بڑھائے جس سے اسکی ایک تیز سسکی نکلی کیوں کی اس راستے پر مٹی کے نیچے آگ تھی شفان کے پاؤں جل رہے تھے اتنے کہ دھواں بھی نکلنے لگا مگر وہ ضبط کرتا ہوا آگے بڑھتا رہا محافظ کے لب مسکرائے اچھے اچھے یہاں آکر لوٹ گئے تھے مگر وہ شفان تھا قزح کا دیوانہ ہارنا کہاں سیکھا تھا اسنے وہ راستہ پار کر چکا تھا محافظ اچانک سے ایک سنہری پری میں تبدیل ہوگیا

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

شہزادے شفان آپکا امتحان ختم ہوا آپ پانی کے جا سکتے ہیں "اس" خوبصورت سنہری پری نے شفان کو ایک سیپ میں پانی بھر کر دیا اور اپنے ہاتھوں کے اشارے سے پانی کو شفان کے پیروں پر گرا دیا جس سے شفان کے جلے ہوئے پیر ٹھیک ہوگئے تھے

یہ امتحان محبت کا ہوتا ہے شہزادے جو اپنی محبت کے لئے تکلیف " برداشت کر سکتا ہے وہ سچا عاشق ہے اور آپ بلا شبہ ایک محبت کرنے والے ہیں آپ جا سکتے ہیں سنہری پری کا سلام قبول کیجیے "وہ واپس

سے ایک محافظ بن گئی تھی اور شفان نے سیپ اپنے ہاتھوں میں لیتا

اڑان بھر چکا تھا تیزی سے وہ مجھیل سے باہر نکل آیا جھونپڑی میں آگیا

تھا وہ جہاں عامل پری قزح کو ایک خاص لباس پہنا چکی تھی جس سے

اسکے کاندھے بے لباس تھے شفان نے اپنی آنکھیں جھکا لی تھیں پری نے

پانی لے کر قزح کے منہ میں ڈال دیا اور کچھ پانی سے اسکے کاندھے

گیلے کر دیئے پانی جیسے ہی اسکی حلق سے نیچے گرا اسنے اپنا اثر دیکھایا

قزح سفید روشنی میں نہانے لگی دیکھتے ہی دیکھتے اسکے خوبصورت جامنی

پروں نے نکلنا شروع کر دیا تھا اسکے بال موتیوں میں پیرونے لگے تھے

ایک نفیس سا خوبصورت گاؤن پہنا چکی تھی وہ سفید روشنی اسکے بالوں

میں موتیوں سے بنا ایک نازک سا تاج آچکا تھا قزح کو اس پری کے

روپ میں دیکھ کر شفان کا دل بے حد دھڑک رہا تھا وہ کوئی حسن کی

مالک ایک خوبصورت پری لگ رہی تھی

ش۔ش۔شفان ؟؟ اسکو ہوش آنے لگا تھا اسنے اپنی بوجھل آنکھیں "

کھولی شفان فوراً اسکے پاس آگیا تھا

تم ٹھیک کو قزح بلکل ٹھیک ہو اب تمہیں کبھی بھی تکلیف نہیں " ہوگی قزح "شفان نے اسے کہا تو وہ اٹھی اچانک اپنے آپ کو ایک جھونپڑی میں دیکھ کر وہ اٹھ کھڑی ہوئی اسکی نظر اپنے کپڑوں پر پڑی اور پھر آپنے کاندھوں پر کوئی بھاری چیز محسوس ہوئی اسے اسنے ہاتھ لگایا اور مڑ کر دیکھا تو قزح کی چیخیں نکل گئیں ۔۔۔

ششششش قزح دیکھو میں ہوں یہاں کچھ نہیں ہوا شش "شفان نے " اسے خود میں بھینچا تو وہ کچھ ریلیکس ہوگئی تھی

یہ۔یہ کیسے ہوا ش۔ش۔شفان مجھے ڈر لگ رہا ہے "قزح نے روتے " ہوئے کہا تو وہ پری قزح کے پاس آئی سور اسکا ہاتھ پکڑ کر اسے بیٹھایا ساتھ ہی ایک پانی کا پیالا اسے پکڑایا اور پینے کا اشارہ کیا تو قزح نے شفان کی طرف دیکھا شفان نے سر اثبات میں ہلایا تو قزح نے پانی پی لیا

ڈرو مت میری بیٹی سب ٹھیک ہے چلو آج میں تمہیں تمہارے "

بارے میں کچھ بتاتی ہوں لیکن تم اسے دیکس سے سنوگی اور صبر اور حوصلے سے ٹھیک ہے ؟؟؟ اس پری نے قزح کو کہا تو قزح نے سر اثبات میں ہلایا

دیکھو میری بچی تم اس دنیا کی ہو ہم میں سے ایک ہو تم ایک حافظ " قران پاک اور نیک پری کی بیٹی ہو میں زیادہ نہیں جانتی کہ تم اس دنیا میں کیسے پہنچی یا پہنچائی گئی لیکن تم ایک پری ہو اپنی طاقتوں سے انجان میں چاہتی ہوں کہ تمہیں سب بتا دوں تا کہ تم میں اور شفان میں کوئی پردہ باقی نہ رہے ۔۔۔

قزح نے شفان کی طرف دیکھا تو وہاں کرب ہی کرب تھا

ماضی ۔۔#

شہزادی شمع کو سپردِ خاک کر دیا گیا تھا شہزادہ محمد اپنا ذہنی توازن کھو چکا تھا وہ ہر وقت شہزادی شمع کی قبر پر پڑا رہتا تھا اور اسکے آنسو بہتے رہتے تھے

حیات کو اس سب کا علم ہوا تو وہ بہت دکھی ہوگئ تھی شمع اسکا بہت خیال رکھتی تھی وہ یوں چھوڑ جائے گی اسنے سوچا نہ تھا پورے محل اور پوری ریاعا میں سوگ کا سما تھا ہر کوئی رو رہا تھا شہزادی شمع جو ہر کسی کو ہر وقت مسکراتی ہنستی ہوئی نظر آتی تھیں وہ آج خاموشی کی چادر اوڑھ کر سو چکی تھی بادشاہ کے کاندھے اپنی جوان بیٹی کی موت کے ساتھ ہی جھک گئے تھے

مہینوں بعد ـــ 5

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

شہزادے ایان شہزادی حیات کی طبیعت خراب ہے وہ دوائی نہیں لے رہیں ہم سے آپ آکر دیکھ لیں "کنیز نے ادب سے کہا شہزادہ ایان جو شکار پر نکل رہے تھے وہ خادمہ کی بات پر مسکراتے ہوئے انکے ساتھ چل پڑے وہ کمرے میں داخل ہوئے جہاں پر شہزادی حیات صاحبہ امرود کھانے میں مصروف تھیں وہ بھی کچے امرود اور خوب مرچ مسالہ ڈال کر سو سو کرتی ہو کھا رہی تھی ایان نے نفی میں سر ہلایا)اس لڑکی کا کیا کروں ،،)

کیوں تنگ کر رہی تھیں آپ خادمہ کو ؟؟ ایان نے مصنوعی غصے سے " کہا تو حیات نے اسکی بات جیسے سنی ہی نہیں وہ مزے سے امرود کھانے میں مصروف تھی اسکی بات پر سر اٹھاکر ملازمہ کو ایک زبردست گھوری سے نوازا

پھر دوبارا امرود کھانے میں مصروف ہوگئی ایان بھی اسکے پاس ہی بیٹھ گیا

حیات اتنا مسالہ کیوں کھا رہیں ہیں آپ ؟ ایان نے حیرت سے " حیات کو دیکھا

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

پتا نہیں دل کر رہا ہے میرا "حیات نے اپنے کاندھے اچکائے تو ایسے " ایک ابکائی آئی وہ اٹھ کر بھاگی اور نڈھال ہو کر واپس آئی

کیا ہوا آپکو ؟؟؟ طبیعت تو ٹھیک ہے نہ آپکی ،؟ ایان کافی پریشان " ہوگیا تھا

پتا نہیں مجھے بہت کمزوری محسوس ہو رہی ہے "وہ کہتی ہوئی بستر پر "

لیٹ گئی تھی تو ایان باہر گیا اور ام ہانی کو اندر بھیجا جو ایک طبیب کو لے کر آئی تھی

سب لوگ باہر بیٹھے انتظار کر رہے تھے ایسے میں ام ہانی خوشی خوشی باہر آئی اسکا چہرا چاند کی طرح روشن تھا

مبارک ہو سب کو حیات امید سے ہے "ام ہانی نے جوش سے کہا " تو اسب لوگوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تھی سب لوگ بے حد خوش تھے اس سانحے کے بعد آج پہلی بار سب گھر والے خوش تھے محل میں تو جیسے جشن کا سما تھا مٹھائیاں تقسیم کروائی جس رہی تھیں پوری ریاعا میں مٹھائیاں تقسیم کروائی گئی دوسری ریاستوں تک مٹھائیاں تقسیم کروائی گئی تھی

ایان کمرے میں داخل ہوا تو وہ سو رہی تھی اسے حیات پر بے شمار پیار آ رہا تھا وہ اسکے برابر میں لیٹا اور اسے اپنی بانہوں میں بھر کر اپنے لبوں سے اسکے گلاب چہرے پر لمس چھوڑنے لگا حیات کے لب مسکرا تھے تھے اسنے اپنا سر اسکے سینے میں چھپا لیا تھا

" میں بہت خوش ہوں ایان افففف ہمارا چھوٹا سا بیبی ہوگا اتنا چھوٹا سا "

وہ پر جوش سی اسے بتا رہی تھی تو ایان نے اسکے ہاتھ تھام کر چوم لئے تھے

جی میری شہزادی میری بھی خوشی کی انتہا نہیں ہے "ایان نے اسکی " گردن پر جھک کر کہا تو وہ شرم سے دوبارا اپنا سر اسکے سینے میں چھپا گئی ۔۔

دور کسی محبت کے دشمن کو یہ خبر پتا چلی تو اسکی آنکھوں میں آگ جل اٹھی

ھاھاھاھا منا لو خوشیاں جس دن یہ تمہاری اولاد پیدا ہوگی اس دن" تم دونوں کا آخری دن ہوگا ۔۔۔ "اسنے انتہائی نفرت سے کہا

LRI🖊PDI📒 ☕

مہینوں بعد 8

حیات کا خیال اب ایان خود رکھتا تھا ہر وقت اسے کچھ نہ کچھ کھلاتا پلاتا

رہتا تھا وہی حیات کا وقت بھی آچکا تھا سب طبیب اور سارے لوگ جمع کو چکے تھے سب لوگ باہر انتظار کر رہے تھے کافی گھنٹوں بعد ام ہانی ایک خوبصورت سا بچہ اٹھا کر باہر لائی جو اس قدر حسین تھا کہ سب دیکھتے رہ گئے پورا حسن اسنے اپنی ماں سے چرایا تھا ایان تو خوشی سے پھولے نہیں سما رہا تھا وہ جلدی سے حیات کے پاس گیا جو اس وقت نیند میں تھی آسکا رنگ اس وقت زردی مائل ہو رہا تھا

"شہزادی اٹھئے دیکھے ہمارا بیٹا ہمارا غرور "ایان نے بچے کے ننھے منے ہاتھوں کو چومتے ہوئے حیات کا ماتھا چوم کر اسے کہا تو وہ اٹھ کر بیٹھ گئی تھی اور بچے کو گود میں لیا

"شہزادے یہ تو بہت خوبصورت ہے "حیات نے اسے چومتے ہوئے کہا جو سو رہا تھا اسکے چومتے ہی اس بچے نے اپنی نیلی بڑی بڑی آنکھیں کھولیں وہ اب حیات کو دیکھ رہا تھا حیات نے اسکے ہاتھ تھام کر چومے

"شہزادی ہمیں جانا ہے آپ تیار ہو جائیں "ایان نے کہا تو حیات نے اسے سوالیہ نظروں سے دیکھا

NEW ERA MAGAZINE .COM
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

شہزادی ہمارے یہاں رسم ہے ہمیں جھیل کے پاس والی مسجد میں جا " کر خدا سے دعا مانگنی ہے اپنے بچے کے لیے "ایان نے کہتے ہی بچے کو اٹھا لیا جو اب رونا شروع ہوگیا تھا حیات نے سر اثبات میں ہلایا تو ام ہانی اندر آئی

ایان تم جاؤ میں ایسے تیار کر کے لاتی ہوں "ہانی نے حیات کو تیار " کر کے انسے بچے کو لے لیا تھا ایان اسے لے کر بگھی میں سوار ہوا اسکے ساتھ حفاظتی عملا نہیں تھا وہ بس خود اور حیات تھی ساتھ وہ لوگ مسجد میں داخل ہوئے اور خدا کے حضور دعا مانگنے میں مصروف تھے اچانک حیات کو اپنا دل پھٹتا ہوا محسوس ہوا اسنے آنکھیں کھول کر ایان کو دیکھا جو ابھی بھی دعا مانگنے میں مصروف تھا اتنے میں اسکو اپنا لباس گیلا گیلا محسوس ہونے لگا تو اسنے اپنے سینے پر ہاتھ رکھا تو اسکی چیخ نکل گئی وہاں ایک چاکو حیات کے دل میں کھبا ہوا تھا ایان نے دیکھا تو اسکا رنگ ایک دم سفید ہوگیا تھا ابھی وہ آگے بڑھا ہی تھا کہ ایک چاکو ایان کے دل نے آر پار ہوگیا تھا تکلیف سے اسنے حیات کو

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

دیکھا جو اب اپنی آخری سانسیں لے رہی تھی

ش۔ش۔شہزادی ہم۔ہمیں معا۔معاف کر دئیں ۔۔ ہم۔ا۔اپکی۔ "
ح۔حفاظت ۔ن۔ن۔نہیں ۔ک۔کر۔پائے ۔ "ایان نے اسکا ہاتھ پکڑ کر کہا اسنے آنسو بہہ رہے تھے حیات نے اسکے ہاتھ کو چوم کر آنکھوں کو بند کر کے مسکرا دی

شہزادے ۔ آ۔۔ آپ کے۔ ساتھ ۔موت ۔ن۔ن۔نصیب ۔ہو۔ ہوئی " ہے ۔بہت ۔خوش ۔۔۔قسمت ۔ہیں۔ہ۔ہم "شہزادے ایان ۔۔۔
ہم۔اپسے۔۔بہت ۔بہت۔محبت ۔کرتے ۔ہیں ،۔۔ حیات نے اٹک اٹک کر کہا اور ایان کی گود میں دم توڑ دیا ایان نے بھی ایک آخری ہچکی لی اور اسکا بھی دم نکل گیا تھا

جیسے ہی سارے سپاہی مسجد میں داخل ہوئے انہوں نے دیکھا کہ شہزادہ محمد کے ہاتھ میں چاکو تھے جبکہ حیات اور ایان ایک دوسرے کے برابر میں بے جان وجود لئے لیٹے ہوئے تھے انہوں نے فوراً ہی شہزادہ محمد

کو گرفتار کر لیا اسی وقت وہاں پر شہزادہ ابہام شہزادی ام ہانی ملکہ اور بادشاہ آگئے اور وہ تو جیسے سکتے میں آگئے تھے اپنے جوان بیٹے اور بہو کی لاشوں کو دیکھ ملکہ اس بار کا صدمہ برداشت نہ کر سکی تھیں اور وہ بھی خالق حقیقی سے جا ملی تھی ابھی تو شہزادی شمع کا دکھ بھی تازہ تھا اور ایک سال بعد یہ سب بھی ہوگیا تھا بادشاہ نے اپنی گدی شہزادہ ابہام کو دے دی تھی اور حرم نے سارے معاملات اب شہزادی ام ہانی کے پاس تھے ام ہانی کے تین بچے تھے مراد جو شفان سے کچھ مہینے ہی چھوٹا تھا اسکے بعد اسکی بیٹی جسکا نام انہوں نے شمع شہزادی شمع کی یاد میں شہزادی شمع ہی رکھا تھا جو نین نقش میں شہزادی شمع پر گئی تھی اسکے بعد اسکا ایک سور بیٹا تھا جسکا نام انہوں نے ایان رکھا تھا شہزادہ ابہام نے اپنے سب سے چھوٹے بیٹے کا نام اپنے بھائی کی یاد میں ایان رکھا تھا وہ بارعب بندہ جو اپنے وقت میں پورے رعب کے ساتھ حکمرانی کرتا تھا وہ ستارہ اب بجھ چکا تھا پہلے جوان بیٹی کی موت پھر جوان بیٹے اور بہو اور اپنی محبوب بیوی کے بچھڑنے کا دکھ اس بارعب انسان کو اپنے آخری دن گننے پر مجبور کر گیا تھا

شفان حرم میں ام ہانی اور ابہام کا لاڈلا تھا وہ حسن میں اب تک کا سب سے حسین شہزادہ تھا

قزح یہ سب سن کر اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر اپنی ہچکیوں کو روک رہی تھی آنسوئوں کی ایک لڑی اسکی آنکھوں سے بہہ رہی تھی اسنے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ وہ ایک قاتل کی بیٹی ہے وہ اٹھی اسنے دیکھا تو شفان وہاں موجود نہیں تھا شاید اسکی ہمت نہیں تھی کہ وہ یہ سب پاتا اس لئے باہر چلا گیا وہ پری بھی اسے پانی پلا کر کہیں غائب ہوگئی تھی قزح نے وہی ادھر اُدھر نظریں دوڑائیں تو اسے اپنی مطلوبہ چیز نظر آئی وہ لے کر شفان کے پاس گئی

شفان میں نے کبھی سوچا نہیں تھا کہ میرا وجود ایک قاتل کی امانت " ہے ش۔ش۔شفان مجھے مار دو !!!قزح نے اسکے خاموش چہرے کو دیکھا جہاں اذیت پھیلی ہوئی تھی جہاں تکلیف تھی جہاں کرب تھا شفان نے اسکی آخری بات پر اسے چونک کر دیکھا جو اسکے آگے چاکو بڑھا رہی تھی

مار دو مجھے پلیز مار دو مجھے !!!!وہ چیخ چیخ کر بول رہی تھی اور " شفان نے اسکے ہاتوں سے چاکو چھین کر پھینکا اور اسے ایک تھپڑ رسید کیا پھر اسے اپنے سینے میں چھپا لیا ۔۔ وہ بے حد دو رہی تھی اسکا پورا وجود کانپ رہا تھا شفان کی آنکھوں سے بھی آنسو بہہ نکلے وہ کافی دیر تک ایک دوسرے سے لپٹے رہے

اپنے ماں باپ کو کھو چکا ہوں اب تمہیں کیسے کھو دوں میں ؟؟؟ کیا " بچے گا مجھ میں آخر اگر تمہیں کھو دوں تو جو ہوا وہ ہوگیا بس مجھے تم چاہیئے اب مجھے معاف کر دو میں نے تمہارے ساتھ بہت برا سلوک کیا شفان نے شدت سے اسے خود میں بھینچا کیوں کہ وہ اسکا عشق تھا " اسکا جنوں تھا قزح تو ہمیشہ سے ہی اسکی دیوانی تھی اس خوبصورت جھیل پر وہ خوبصورت پریزاد جوڑی کو دیکھ وہ چاند بھی مسکرا دیا تھا

قزح شفان سے الگ ہوئی تو شفان نے محبت سے اسکے آنسو صاف کیئے

شفان ؟؟؟میں اس دنیا میں کیسے پہنچی وہ بھی آپکی نانو نے پاس ؟ "

قزح نے شفان سے پوچھا

قزح یہ تو مجھے نہیں پتا شہزادے محمد کو گرفتار تو کر لیا تھا مگر وہ بار" بار انکار کر رہے تھے کہ انہوں نے نہیں کیا انہیں پھنسایا گیا ہے لیکن سارے لوگ گواہ تھے کہ انہوں نے خود دیکھا تھا کہ وہ چاکو پکڑ کر مار کر پیچھے ہوئے تھے پھر وہ وہاں سے بھاگ گئے تھے اسکے بعد کبھی بھی نہیں ملے کسی کو نہ ہی تمہاری والدہ کا کچھ پتا چلا "شفان نے اسے کہا تو اسکی آنکھوں میں پھر سے آنسوں آگئے تھے جو شفان نے انہی انگلیوں سے چنے اور اسے پھر سے خود میں بھینچا

میں ڈھونڈھ رہا ہوں شہزادے محمد کو تاکہ انہیں انکے کئے کی سزا مل " سکے "شفان نے کہا

اور اگر وہ بے قصور ہوئے تو ؟؟ قزح نے شفان کو زور سے خود میں" بھینچا

وہ بے قصور نہیں ہیں قزح وہ قاتل ہیں میری پھپھو جان کے اور" میرے ماں باپ نے بھی انہیں سزا ضرور ملے گی !!!شفان نے نرم لہجے میں کہا

میں ضرور ڈھونڈو گی آپکو بابا پھر آپکا پتا چلے گا نا جانے میرا دل کہتا " ہے کہ اپ بے قصور ہو "قزح نے دل میں ارادہ باندھا

چلو اب چلتے ہیں محل ہمارے محل "قزح نے شفان کو سوالیہ نگاہوں" سے دیکھا

جہاں سب رہتے ہیں وہاں بھی تو آپکا تعارف کروانا ہے نہ میں نے " شفان نے اسے کہا !!

لیکن مجھے تو ابھی اڑنا نہیں آتا ؟؟ قزح نے منہ پھلا کر کہا تو شفان" نے اسکی ناک پر ہونٹ رکھ کر اسے اپنی بانہوں میں بھر لیا اور اسے لے کر فاصلے طہ کرنے لگا جبکہ قزح کو وہ منظر بہت ہی خوبصورت لگ رہا تھا آج اسکو اسکی محبت ملی تھی جیسے وہ دیوانوں کی طرح چاہتی تھی

تھوڑی ہی دیر بعد وہ ایک بہت بڑے اور خوبصورت محل میں کھڑے تھے سارے لوگ وہاں کھڑے ہو کر ان کا استقبال کرنے کو تیار تھے ام ہانی آگے بڑھ کر قزح کو گلے سے لگایا اور ان دونوں پر پھول برسائے گئے تھے قزح بہت خوف زدہ ہو رہی تھی تھی تو وہ قاتل کی

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

بیٹی ہی تھی جو اس محل کی خوشیوں کے اجاڑ کی وجہ تھا قزح کی آنکھوں میں آنسو آگئے تھے ام ہانی نے آگے بڑھ کر سکا ماتھا چوم لیا

رو کیوں رہی ہیں آپ قزح جو ہونا تھا وہ ہو چکا ہے اور ہم نے " سب بھلا دیا ہے بس تم دونوں اپنی خوبصورت زندگی کا آغاز کرو "

قزح کو لے کر وہ اپنے کمرے میں آگیا تھا وہ ایک انتہائی خوبصورت کمرہ تھا جو بہت شاندار طریقے سے سجایا گیا تھا

اتنے میں ام ہانی اندر داخل ہوئی

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

ہم چاہتے ہیں کہ سارے رسم و رواج ہم اپنے طور طریقے سے " کریں اور تب تک قزح الگ کمرے میں رہے گی "ام ہانی نے کہا تو شفان نے برا سا منہ بنا لیا اور قزح نے بامشکل اپنی ہنسی دبائی

اسکی کیا ضرورت ہے امی جان "شفان نے بالوں میں ہاتھ پھیر کر " کہا تو ام ہانی نے مسکرا کر اسکے ماتھے پر اپنے ہونٹ رکھے تھے اور قزح کو لے کر وہاں سے چلی گئ

شفان مسکرا کر رہ گیا

LRI🖊PDI📕☕

قزح کو ام ہانی نے ایک کمرہ دیکھا دیا تھا جہاں وہ رخصت ہونے تک رہ سکتی تھی ام ہانی نے کھانا اور کپڑے بھجوا دیئے تھے تا کہ وہ آرام سے وہ سکے وہاں وہ جا چکی تھی قزح کو نے اپنے پروں کو شیشے میں دیکھا جو جامنی رنگ کے بے حد خوبصورت پر تھے

انکو واپس کیسے بھیجوں ؟؟ قزح نے سوچا ہی تھا کہ پر غائب ہوگئے" خود بخود وہ حیران رہ گئی کہ پر کہاں گئے

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

یہ واپس کیسے آئے گے ؟ ابھی اسنے سوچا ہی تھا کہ وہ واپس آگئے وہ " پھر سے حیراں رہ گئی تھی

مطلب کہ یہ بھی میرے وجود کا ایک اہم حصہ ہے جو میری سوچ " نے مطابق چلے گا ہمم "اسنے دل میں کہا اور کھانے کی طرف متوجہ ہوگئی پر تکلف ہو کر اسنے کھانا کھایا

کھانا کھانے کے بعد اسکو محل دیکھنے کا دل کرنے لگا تھا

صبح شفان کو بولوں گی وہ دیکھائے گا ؟؟ لیکن دل تو ابھی کر رہا ہے "

وہ دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر اٹھی اسنے ایک سفید رنگ کا گاؤن پہنا

ہوا تھا جو سونے کے وقت پہنا جاتا تھا اس لباس میں قزح کا وجود واضح

تھا اسکا ہوش ربا حسن واضح تھا وہ اٹھی اور خاموشی سے باہر نکلتی گئی

وہ محل روشنیوں سے جگمگا رہا تھا جہاں جگہ جگہ آگ کی مشل نصب

تھیں تو کہیں جگنوؤں کی روشنی قید تھی وہ محل سے لطف اندوز ہوتے

ہوئے آگے بڑھنی لگی آگے جاتے جاتے اسکو سمجھ ہی نہ آئی کہ وہ کس

طرف آگئ ہے اسنے دیکھا وہ شاید محل کا بیرونی حصہ تھا وہاں پر

حفاظتی انتظامات تھے وہ مڑنے لگی تو اسے ایک چھوٹا سا دروازا دیکھائی

دیا

یہ کیا ہو سکتا ہے ؟؟ چلو دیکھتی ہوں ؟؟ وہ سوچتی ہوئی اس "

دروازے کو کھول کر اس میں چلتی گئی وہاں بھی ہر جگہ روشنی نے اسکا

استقبال کیا وہ راستہ عجیب سا تھا وہ راستہ دیکھتے دیکھتے پتا نہیں کہاں نکل

آئی تھی اسے ایک اور دروازہ دیکھایا دیا اسنے وہ کھولا تو وہ محل نامی کوئی چیز وہاں موجود ہی نہیں تھی وہ دروازہ بھی غائب کو چکا تھا وہ خوف زدہ ہو کر ادھر اُدھر دیکھنے لگی جہاں صرف لمبے لمبے درخت تھے وہ بھاگنے لگی جب بھاگتے بھاگتے تھک گئی تو اسکے پر پھیلے اور وہ اڑان بھرنے کی کوشش کرنے لگی کئی بار گرنے کے بعد وہ آخر کار زیادہ اونچی تو نہیں لیکن اڑان بھرنے لگی تھی اسکے آنسو مسلسل بہہ رہے تھے خوف سے اسکا نازک سا وجود لرزنے لگا تھا

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels, Afsana, Articles, Books, Poetry, Interviews

یا اللہ کیا کروں میں کہاں جاؤں ؟؟ مجھے نہیں پتا میں کہاں جا رہی ہوں ؟؟ " وہ ایک جگہ رک کر ادھر اُدھر دیکھنے لگی اچانک اسے کسے کے قدموں کی آواز سنائی دی اسے لگا شفان ہے

شش۔شش۔۔شش۔شفان ؟؟؟؟ کیا تم ہو پلیز مجھے ڈر لگ رہا ہے " کہاں ہوں میں پلیز یہاں آکر مجھے لے جاؤ !!!اسنے چیخ کر کہا اسکے پاس کوئی ہیولہ آرکا قزح خوف سے اس کو دیکھنے لگی اچانک وہ ہیولہ اسکے وجود سے لپٹ گیا تھا اسکی چیخیں پورے جنگل میں گونجیں ۔۔

LRI PDI

شفان سوتے ہوئے ایک دم ہڑبڑا کر اٹھا اسکا وجود پسینہ پسینہ ہوگیا اسے بے حد بے چینی ہو رہی تھی وہ اٹھا اور قزح کے کمرے کی طرف چلتا گیا نہ جانے اسکا دل کیوں گھبرا رہا تھا قزح کے کمرے کا دروازہ کھا دیکھ کر شفان کا دل نہ جانے کیوں زور سے دھڑکا وہ تیزی سے آگے بڑھا لیکن کمرے میں کوئی نہیں تھا وہ دیوانہ وار ادھر اُدھر دیکھنے لگا

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

ء قزح کہاں ہو تم ؟؟؟ دیکھو مذاق مت کرو سامنے آؤ ؟؟ شفان نے ادھر اُدھر دیکھتے ہوئے کہا لیکن وہاں۔ کوئی ہوتا تو آتا لیکن وہاں کوئی نہیں تھا اسکے پر پھیلے اور پورے حرم میں اڑان بھر کر اسے دیکھنے لگا اسکی آنکھیں اور ہونٹ غصے سے نیلے ہو چکے تھے ۔۔۔ اسکی ایک دھاڑ پر سارے ملازم حرم کے لوگ اور محافظ وہاں پر آگئے تھے

کیا ہوگیا شہزادے سب خیریت ہے ؟؟ بادشاہ نے پوچھا"

کچھ خیریت نہیں ہے بادشاہ سلامت قزح غائب ہے ؟؟ پورے حرم "

میں نہیں ہے !!اسنے کہا تو سارے ملازمین اور محافظ کانپ گئے

شہزادے ہم سارا وقت یہی تھے حرم کو گھیرا ہوا تھا اگر شہزادی باہر"
آتیں تو ہمیں نظر آتیں لیکن وہ باہر نہیں آئیں !!محافظوں کے سردار
نے کہا تو شفان سوچ میں پڑ گیا

سب لوگ محل میں پھیل جاؤ ایک کونہ بھی بچنا نہیں چاہیئے اگر وہ"
باہر نہیں گئیں تو کہاں ہیں وہ ؟؟ ام ہانی نے حکم دیا سبکو

والدہ وہ کسی خطرے میں ہیں !!!مجھے محسوس ہو رہا ہے وہ بہت رو"
رہیں ہیں !!!شفان نے کہا تو ام ہانی نے پریشانی سے بادشاہ کو دیکھا

میرے بچے خود کو حوصلہ دو کچھ نہیں ہوگا اسے وہ کوئی عام لڑکی "
نہیں ہے اسکی طاقتوں کا اندازہ آپ بھی نہیں لگا سکتے مجھے امید ہے وہ
خود کو محفوظ رکھیں گئیں فکر نہ کریں آپ !!بادشاہ نے اسکے کاندھے
پر ہاتھ رکھ کر اسے حوصلہ دیا

LRI / PDI

قزح کو ہوش آتا ہے تو وہ خود کو زنجیروں میں جکڑا ہوا دیکھتی ہے اور اور خوف کی ایک لہر اسکی رگ و جاں میں سرائیت کر گئی اسکا پورا وجود کانپ رہا تھا اسکے آنسوؤں میں روانی آگئ تھی

"ک۔ک۔ک۔کن لایا م۔م۔مجھے یہاں پ۔پ۔پلیز مجھے جانے دو " قزح نے کانپتے ہوئے لہجے میں کہا تو اسے ہر طرف سے ہنسی کی آواز آئی وہ مزید خوفزدہ ہوگئی تھی اچانک اسکے سامنے ایک روشنی آتی ہے اسکی آنکھیں اپنے آپ بند ہوجاتی ہیں

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

وہ آہستہ آہستہ اپنی آنکھوں کو کھول کر سامنے دیکھتی ہے جہاں ایک بزرگ زنجیروں میں جکڑا ہوا کھڑا ہوتا ہے آسکی حالت بہت خراب سی تھی قزح کی آنکھوں میں خوف واضح تھا مگر اسکی آنکھیں اچانک جامنی رنگ میں تبدیل ہوگئی تھیں اسکے ہونٹوں کا رنگ بھی انتہائی جامنی ہو رہا تھا یہ علامت تھی کہ اسکی طاقتیں اس پر آشکار ہر رہیں تھیں مگر وہ ان سب سے آراستہ نہیں تھی اگر وہ ان سب سے آراستہ ہوتی تو سب کچھ فنا کر دیتی

بہت خوب قزح بہت خوب میں تو سوچ کر پریشان تھا کہ تمہیں محل " سے باہر کیسے نکالوں گا لیکن تم تو خود ہی میرے پاس چلکر آگئ مچھلی خود جال میں آگئ واہ "ایک آواز قزح کو سنائی دی مگر کوئی دیکھائی نہیں دیا

اگر شفان کو پتا چل گیا نہ وہ تمہیں چھوڑے گا نہیں سامنے آؤ"

ڈرپوک انسان چھپ کر تو کتا بھی شیر بن جاتا ہے"قزح نے ہمت سے کہا نہ جانے کیوں وہ خود کو بہت باہمت محسوس کر رہی تھی یہ اسکی طاقتوں کا اثر تھا جن سے وہ انجان تھی

بہت شوق ہے تمہیں مجھ سے ملنے کا چلو تمہارا شوق مکمل کر دیتا" ہوں پہلے سوچا تھا تمہیں مار دوں گا مگرررر اب زرا ارادہ ۔بدل گیا ہے میرا "اسکے عجیب سے لہجے نے قزح کو پھر سے ڈرا دیا تھا

بکواس بند کرو اپنی پہلے اپنی زندگی شفان سے بچاؤ پھر بکواس کرنا گھٹیا" انسان آخر کیا دشمنی ہے تمہاری مجھ سے بولو ؟؟ قزح نے چیخ کر کہا تو ایک کالا ہیولہ اسکی طرف آیا اور ایک انسان میں تبدیل ہوگیا وہ کوئی

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

ادھیڑ عمر کا آدمی تھا انتہائی خوش شکل تھا مگر اسکی آنکھیں مکمل طور پر کالی تھیں ۔۔ جن سے شیطانی چمک ٹپک رہی تھی

تمسے کس ظالم کی دشمنی شہزادی قزح تم سے تو صرف محبت کی جا سکتی ہے "وہ مخمور لہجے میں کہتا قزح کے چہرے کے قریب آیا تو قزح کو لگا جیسے اسکی جان فنا ہو جائے گی وہ قزح کا وجود دیکھ رہا تھا قزح کی آنکھوں سے بے بسی کا ایک آنسو بہہ نکلا جسکو اسنے اپنے انگوٹھے سے صاف کیا

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

نہیں نہیں شہزادی ایسا مت کریں آپ آپکے آنسو ہمیں تکلیف دے" رہے ہیں آپ کو ایک پیشکش کرتے ہیں ہم شہزادی شہزادہ شفان کو چھوڑ دیں اور ہماری کالی ریاست کی ملکہ بن جائیں پیار سے مان جائیں تو اچھا ہے ورنہ ہوگا تو وہی جو ہم چاہتے ہیں "وہ اسکے وجود پر انگلیاں چلانے لگا تو قزح نے ہاتھ پیر مارنے شروع کر دیئے

رک جاؤ یعقوب ایسے چھوڑ دو مجھے مار دو لیکن میری بیٹی کو چھوڑ دو" ایسا مت کرو تمہیں خدا کا واستہ "وہ بزرگ جو بےبسی کی انتہا پہ تھا

اپنی گڑیا کی حالت پہ اسکی آنکھوں میں نمی سی آگئی قزح سکتے میں آگئی لفظ بیٹی پہ

بابا؟؟؟وہ آپ میرے بابا ہیں ؟؟ قزح نے اس بزرگ کی طرف دیکھا" قزح کی آنکھوں میں آنسوؤں کا سیلاب جاری ہوگیا تھا

ہاں میری بچی میں تمہارا بد نصیب باپ ہوں جو اس شیطان کی باتوں " " میں آگیا تھا

بابا یہ سب کیا ہوگیا مجھے بتائیں یہ کون ہے اور آپ یہاں ؟؟ قزح" نے روتے ہوئے پوچھا

ارے شہزادی میں بتاتا ہوں یہ کیا بتائے گا "یعقوب نے کہا"

میرا اپنا ایک قبیلہ تھا میں وہاں کا سردار تھا ایک خوش حال قبیلہ ایک" دن میں شکار پر گیا تو وہاں ایک خوبصورت ھنسی میرے کانوں میں رس گھولتی ہوئی گئی میں بے تابی سے اسکے پیچھے چل پڑا اور ایک حسین پری کا دیدار ہوا مجھے جسکا میں ایک ہی پل میں دیوانہ ہوگیا وہ کوئی اور نہیں

بلکہ شہزادی شمع تھیں میں ان سے محبت کر بیٹھا۔۔

قزح دم سادھے سن رہی تھی جبکہ شہزادہ محمد کے آنسو بہہ رہے تھے

میں‌نے رشتہ بھیجا لیکن یہ کہہ کر انکار کر دیا گیا کہ میں انکے برابر کا "
نہیں !اور پھر اسی شام شہزادی کی منگنی اس سے کر دی گئی میری
آنکھوں کے سامنے اس نے میری محبت کو انگھوٹی پہنائی "ضبط سے
یعقوب کی آنکھوں کا رنگ بلیک سے لال ہوگیا

ء میں نے کالا جادو سیکھنا شروع کر دیا میرے دل میں انتقام کی آگ
جل رہی تھی میرا مقصد اب شہزادی شمع کو حاصل کرنا نہیں بلکہ سبکو
برباد کرنا تھا میں کالے جادو میں ماہر ہوگیا ہر کام کر سکتا تھا اب میں
کالے جادو سے میں نے شہزادے محمد سے دوستی کر لی اور انہیں یہ
احساس دلانا شروع کر دیا کہ یہ دولت مند نہیں انہیں لالچ دیتا گیا اور
لالچ کے آگے انکی محبت دبتی گئی آخر کار میں‌نے انکو مکمل طور پر باغی کر
دیا اور شہزادی شمع کی سہیلی کے روپ میں انکو خودکشی پر اکسایا اور وہی
ہوا جیسا میں‌نے چاہا تھا درد ہوا تھا مجھے بھی جب شہزادی نے آخری ہچکی

" لی تھی مگر سکون اترا کہ اب وہ پری وش کسی کی ہو نہیں سکے گی

شہزادہ محمد کو چھوڑ دیا تھا پھر ہیں نے اسکے حال پر پھر میرا مقصد تھا "

شہزادہ ایان سے اسکی محبت کو جدا کرنا آخر اسنے ہی تو بادشاہ سلامت کو

کہا تھا کہ میں شمع کے قابل نہیں بھلا وہ کیسے سکون سے رہ سکتے تھے

میرا سارا منصوبہ تمہارے باپ نے سن لیا لیکن ہیں نے جانے دیا آخری

بندہ بھی تو راستے سے ہٹانا تھا نہ ہیں نے شہزادی حیات کی سہیلی بنکر

انسے انکی موت کا راز پوچھا اور وہ بھولی بھالی سی بتا دیا کہ ایک ساتھ

جب تک کوئی دل مین چاکو نہ اتار دے میں بہت ہنسا ھاھاھاھا ایک

لڑکی خود بتا رہی ہے کہ مجھے اسے مارو ھاھاھاھا پھر میں نے موقع

دیکھ کر انکا بھی کام تمام کر دیا اور الزام آیا تمہارے باپ پر لیکن ادھر

سے بھی یہ بھاگ گیا اور آپکو بڑی مہارت سے انسانوں کی دنیا میں بھیج

دیا لیکن خودکو کیسے بچاتا یہ ھاھاھا ایسے ہیں نے زندہ رکھا کیوں کہ اسکی

نظروں کے سامنے آپکو اپنی ملکہ جو بنانا تھا آہن پہلے مارنا تھا مگر اب

آپکو دیکھ کر ارادہ بدل لیا ہیں نے ھاھاھا ایسی خوبصورتی تو میرے ہی پاس

ہونی چاہیئے مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ شفان کی بیوی ہو تم اسکو تو میں مار دونگا ویسے بھی "یعقوب کے لہجے میں بے پرواہی تھی وہ بڑے مزے ہنستے ہوئے اپنے کالے گناہ بتاتا گیا ابھی وہ دوسری طرف مڑا ہی تھا کہ اسکا وجود آگ برسانے لگا اور یعقوب چیختا چلاتا خاک ہوتا گیا

قزح حیرانی سے اسکا انجام دیکھ رہی تھی قزح کو سامنے سے ایان اور ایک نورانی خوبصورت پری آتی دیکھائی دی ایان نے قزح کو زنجیروں سے آزاد کیا تو وہ اس سے لپٹ گئی اور اس پری نے شہزادے محمد کو آزاد کیا قزح سہمی ہوئی ان دونوں کو دیکھ رہی تھی

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

قزح تمہاری والدہ ہیں یہ "ابھی شفان نے کہا ہی تھا کہ وہ بھاگتی" ہوئی اپنے ماں باپ کی باہوں میں سما گئی وہ تینوں رو رہے تھے شفان انکے پاس گیا اور ان تینوں سے لپٹ گئے

آپ نے ڈھونڈا کیسے ہمیں ؟؟قزح نے شفان سے پوچھا تو وہ مسکرا " کر اسکی انگلی میں موجود انگھوٹی کی طرف اشارہ کرنے لگا

ہمیں معاف کر دیں چچا جان ؟؟؟ ہم نے بہت غلط کیا لیکن شکر ہے"

راستے میں ہمیں چچی جان ملی اور سب بتایا چچی جان بھی چچا جان کو ڈھونڈ رہیں تھیں اور آج وہ یعقوب کو قرآنی وظائف سے ختم کرنے ا رہی تھیں ہم دونوں یہاں آکر حصار باندھا اور یعقوب پر دن کیا جس سے وہ جل کر راکھ ہوگیا۔۔۔"

قزح نے اپنے والد کے سر پر بوسہ دیا اور انکے کاندھے پر سر رکھ دیا ۔۔۔

محل میں خوشیاں ہی خوشیاں تھیں قزح اور شفان کی شادی بہت دھوم دھام سے ہوئی تھی ہر طرف خوشیاں تھیں شفان کی نانو بھی دوسری دنیا میں خوش تھی انہیں شفان سے مزید محبت ہوگئی تھی ۔۔

LRI PDI

کچھ سالوں بعد

قزح اس جھیل پر کھڑی مسکرا کر اس خوبصورت جھیل کو دیکھ رہی تھی اسنے اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھا اور مسکرا دی اسنے ایک گہرا سانس لیا

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsanay|Articles|Books|Poetry|Interviews

اس جھیل سے میری کہانی شروع ہوئی اور اس جھیل سے ہی اور "
....." لوگوں کی کہانی شروع ہوگی

#قزح_اور_شفان_کا_آپ_سب_کو_الوداع---#

⚜⚜⚜⚜⚜⚜⚜⚜⚜⚜⚜⚜⚜⚜⚜⚜

❤️ختم شدہ❤️

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

ہماری ویب میں شایع ہونے والے ناولز کے تمام جملہ و حقوق بمعہ مصنفہ کے نام محفوظ ہیں۔

ہمیں اپنی ویب نیوایرا میگزین(New Era Magazine)کیلئے لکھاریوں کی ضرورت ہے۔اگرآپ ہماری ویب پراپناناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،آرٹیکل،شاعری،پوسٹ کرواناچاہیں تواردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل ذرائع کااستعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

(Neramag@gmail.com)

انشااللہ آپ کی تحریرایک ہفتے کے اندراندرویب پر پوسٹ کردی جائے گی۔مزید تفصیلات کیلئے اوپر دیئے گئے رابطے کے ذرائع کااستعمال کر سکتے ہیں۔

شکریہ ادارہ: نیوایرا میگزین